**ڈاکٹر نائلہ انجم**
اسسٹنٹ پروفیسر شعبۂ اُردو، لاہور کالج برائے خواتین یونی ورسٹی، جیل روڈ،لاہور ۔
**ڈاکٹر شبنم نیاز**
اسسٹنٹ پروفیسر شعبۂ اُردو، لاہور کالج برائے خواتین یونی ورسٹی، جیل روڈ،لاہور۔

# پنجابی ناول میں سماجی رویوں کی عکاسی

**Dr. Naila Anjum**
Assistant Professor, Department of Urdu, Lahore College for Women University, Jail Road, Lahore.
**Dr. Shabnam Niaz**
Assistant Professor, Department of Urdu, Lahore College for Women University, Jail Road, Lahore.

## A Reflection of Social Attitudes in a Punjabi Novel

Man is a social animal. Society is made up of various units. Some incidents that apparently seem to be quite trivial and some ordinary, mundane behavior not only cause mental disharmony and frustration, they also cause imbalanced social attitudes which give way to a never ending cycle of mental problems. The Punjabi novelists have keenly observed the social behaviours. They have portrayed these behaviours and psychology with a mature, contemplating style amalgamated with the consciousness and observation of contemporary issues. Their style speaks volumes for their objectivity. It is evident through their novels that are an ample proof of their beautiful portrayal of day to day life and ordinary man's dilemmas. This thesis aims at the various aspects of social behavior portrayed and discussed in the Punjabi novels.

**Key Words**: *Social Animal, Society, Incidents, Ordinary, Punjabi Novels.*

سماجی شعور کی بدولت کسی بھی معاشرے کی ترقی و فلاح اور انسانی رویوں کی ترتیب و تہذیب ممکن ہوتی ہے۔ معاشرے میں مختلف اکائیوں کی صورت میں بسنے والے لوگ بظاہر بہت معمولی اور غیر اہم واقعات اور رویوں سے نہ صرف خود متاثر ہوتے ہیں بلکہ دوسروں کو بھی مشکلات میں ڈالتے اور ذہنی انتشار پیدا کرنے کا باعث بنتے ہیں۔ سماجی رویوں میں بے اعتدالی اور غیر متوازن طرز عمل ذہنی مسائل کا لامتناہی سلسلہ پیدا کرتے ہیں۔

انسان اپنے ماحول سے وابستہ اور ارضی رشتوں سے جڑا ہوتا ہے اسی لیے سانحات و حادثات براہ راست اور واضح انداز میں اور کہیں پس منظر میں رہ کر اس پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ انسان بے کراں قوت اور بے پایاں حوصلے کے باوجود تلخیوں اور محرومیوں کا شکار بھی ہوتا ہے۔ داخلی زندگی کی مختلف کیفیات، سماجی زندگی کے مختلف روپ، معاشرتی و ثقافتی زندگی کے مختلف رنگ، سماجی اور سیاسی تحریکیں اور ان تحریکوں سے متاثر ہونے والے انسان کی زندگی مختلف اصناف ادب کا ہمیشہ موضوع رہے ہیں۔ پنجابی ادب کی دیگر اصناف کی طرح ناول میں بھی سماجی زندگی اور اس سے متعلقہ رویوں کے مختلف مناظر دیکھے جاسکتے ہیں۔ ناول نگاروں نے عمدگی سے سماجی زندگی کے مختلف زاویے اور رخ بے نقاب کیے ہیں۔

بقول ڈاکٹر جاوید اختر:

> ''در حقیقت انسانی احساسات و جذبات، شعوری یا لاشعوری محرکات، اچھے یا برے اعمال اور رسوم و رواج ہی ادب کے بنیادی اجزائے ترکیبی ہوتے ہیں اور چونکہ ناول کا دائرہ دیگر اصناف ادب کے مقابلے میں کہیں زیادہ کشادہ ہے اس لیے اس میں تہذیبی عکاسی بہتر طور پر کی جاسکتی ہے۔''(۱)

روزمرہ زندگی میں انفرادی اور اجتماعی سطح پر عورت اور مرد کو مختلف النوع سماجی رویوں کے تلخ و شیریں ذائقے چکھنے پڑتے ہیں۔ بالخصوص مردانہ حاکمیت پر مشتمل معاشروں میں عورت مرد کے سامنے کمزور اور حقیر مخلوق ہے۔ گھریلو زندگی سے لے کر معاشرتی زندگی کے تمام پہلوؤں میں ہمیں صنفی امتیاز کی بے شمار مثالیں ملتی ہیں۔ عورت جسمانی طور پر مرد سے مختلف ہے۔ اس فطری جسمانی تفریق کی بجائے مشرقی معاشرے میں عورت صنفی تفریق کا نشانہ بنتی ہے۔ ڈاکٹر آصف فرخی لکھتے ہیں:

> اس تفریق اور اس کے نتیجے میں برتی جانے والی عصبیت کی بنیاد جسمانی ساخت سے زیادہ سماجی تاریخ میں پنہاں ہے۔ بعض ماہرین جسمانی تفریق (Biological Difference) کی بجائے صنفی تفریق (Gender Difference) کو استحصال کا مجرم ٹھہراتے ہیں کہ یہ تفریق سماجی اور ثقافتی رویوں کا نتیجہ ہے۔ قدرتی امر نہیں۔ آج کے معاشرے میں عورت کی (Disadvantaged) حیثیت ایک طویل تاریخی جبر کا نتیجہ ہے۔(۲)

عورت ماں، بہن، بیٹی اور بیوی جیسے سماجی بندھنوں میں بندھی ہے۔ گرہستن عورت کی زندگی کے شب و روز، مصروفیات اور مشکلات ناولوں کا حصہ بنتی ہیں۔ خاص طور پر مشرقی عورت تو قدم قدم پر سمجھوتے پر مبنی زندگی گزارتی ہے۔ گھر کی چار دیواری اس کے لیے بیک وقت حجلہ، عقوبت خانہ یا جائے پناہ ہو سکتی ہے۔

> وے کلیم پتر تیرے واسطے ای میں ایناں حالاں نوں اپڑی آں۔ ماں روئی جا رہی سی۔ اک تیرے واسطے میرے لعل میں اپنیاں ہڈیاں کاتیاں کروائیاں نیں پر تینوں ماں دا اکا خیال نہیں... توں نہ ہوندا تاں میں کدی وی دو جا ورنہ لبھدی۔ کسے کھوہ وچ چھال مار کے مر جاندی۔ (۳)

عورت کے استحصال کی مختلف شکلیں ہیں جن میں سب سے زیادہ قبیح صورت مار پیٹ ہے۔ ہمارے سماجی ڈھانچے میں کچھ ایسے ان لکھے قوانین موجود ہیں جن کی بنیاد پر عورت ناانصافی اور عدم مساوات کا شکار ہوتی ہے۔ اسے ذہنی، سماجی اور جنسی تشدد کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ گھریلو زندگی میں کیا جانے والا یہ تشدد عموماً ناقابل گرفت ہی رہتا ہے۔ گالی گلوچ، مار پیٹ، زدوکوب کرنا، گالیاں بکنا، خوف زدہ کرنا، ڈراوے، دھمکیاں اور ہر چھوٹے بڑے کے سامنے بے عزتی کرنا مرد کا حق ہے۔ مرد کی جارحیت، اجارہ دارانہ رویے اور جنسی فضیلت کی بنیاد پر ملنے والی چھوٹ نے عورت کو بنیادی انسانی حقوق سے محروم کر دیا ہے۔ ذہنی اور جسمانی تشدد کی یہ متنوع صورتیں اس کے حق میں سم قاتل ہیں لیکن اس کے خلاف آواز بلند نہیں کی جاتی۔ مرد اپنی انا کی تسکین اور جھوٹی مردانگی ثابت کرنے کے لیے مار پیٹ سے گریز نہیں کرتا۔ پنجابی ناول نگاروں نے اس کی تصویر کشی کی ہے۔ چند اقتباسات ملاحظہ کیجیے:

> مولوی یونس سخت طبیعت دا بندہ سی۔ پہلے بندے نالوں وی زیادہ کباتے ہتھ سٹ۔ گل گل تے بہانہ پا کے کیموتے اوہدی ماں نوں کٹ کڈھدا سی۔ جے فریاد کیتی جاندی تاں اگوں قرآن شریف دی آیت پڑھ کے آکھدا۔ مسلماناں نوں اختیار اے کہ اپنیاں بیویاں نوں اپنیاں کھیتیاں سمجھن جیویں چاہن ورتوں وچ لیاون جے انکار کرن تاں پہلے سمجھاؤ پھیر وی نہ سمجھن تا، کٹو۔ (۴)

درج ذیل اقتباس میں عورت کے داخلی کرب اور جذباتی توڑ پھوڑ کو محسوس کیا جاسکتا ہے:

''کدی میرے وال وی بڑے ملے تے سنگھنے سن پر چاندے گت پٹ پٹ کے ادھے کر چھڈے نیں ... کدی ططے دی تار ہندی ساں، ہن ٹٹی ہوئی تند آں تھاں تھاں تے گنڈھاں لگی''(۵)

بہوؤں کے ساتھ ہمارے معاشرے کا طرز عمل منافقانہ ہے۔ آغاز میں صدقے واری کے میٹھے بول بولے جاتے ہیں مگر آہستہ آہستہ محبت کا رنگ رخصت ہو جاتا ہے۔

پہلوں تے دو چار دن لوک دکھاوے لئی ووہٹیے ووہٹیے کر دیاں رہیاں پھر اپنا رنگ کڈھیا تے اپنے رچھاں تے آگئیاں تے طوطے وانگ جھٹ اکھاں بدل لیتیاں۔(۶)

مرد کا عورت پر ظلم اس مردانہ معاشرے کا وطیرہ ہے لیکن اگر معاملے کی گہرائی میں جایئے تو اس حقیقت کو جھٹلایا نہیں جاسکتا کہ عورت کی سب سے بڑی دشمن عورت ہی ہوتی ہے۔ بعض حالات میں مرد کے ظالمانہ افعال کے پیچھے اور مردوں کو اکسانے والی ایک عورت ہوتی ہے۔ خاص طور پر ازدواجی زندگی میں مائیں اور بہنیں بہوؤں اور بھاوجوں کے ساتھ ہونے والے ظلم میں شریک ہوتی ہیں اور ارمانوں سے بیاہ کر لانے والی بہو کو میکے روانہ کر دیا جاتا ہے۔

اوس دے کپڑے ڈاڈھے میلے تے پرانے جیہے نیں جتی پھٹی ہوئی اے۔ راہ دا گھٹا اڈ اڈ کے پیراں توں سر توڑی پیا ہویا اے۔ رو رو کے اوس دیاں اکھاں سجیاں ہوئیاں نیں۔ موہنہ تے مردے وِنّی ورتی ہوئی اے۔ دوالے کچ دا چھلا بھی ناہیں۔ نال نہ سوہرا اے نہ جیٹھ نہ دیور ایک بڈھڑا جیہا کمّی اے۔ ایہہ ویکھ کے وچاری دا لک ٹٹ گیا تے جان جُثا چھڈ گئی... ستر اں پتراں نالوں پیاری، لاڈاں نال پالی، کدی اٹھ پہر اوس توں اڈ نہیں سی ہوئی پہلے پھیرے ٹر کے اج اُٹھائی دناں مگروں اوہدا موہنہ ویکھیا تے اوہ بھی اس حال وچ شالا کسے ہڈ کپ ویری دی وی جائی نال نہ ہووے۔(۷)

ہمارے سماج میں مرد و عورت سے منسوب کسی بھی رشتے کی ٹٹ بھج کا ذمہ دار صرف عورت کو قرار دیا جاتا ہے۔ وہ اپنے کرب کو سہنے سے زیادہ سماج کے سوالوں کی جواب دہ ہوتی ہے اور دوراہے پر کھڑی اپنی بے بسی کا تماشا دیکھنے پر مجبور نظر آتی ہے۔ مثال دیکھیے:

جس کڑی دی منگنی ٹٹ جاوے جگ وچ اوہدی عزت گھٹ جاندی اے۔(۸)

صدیوں سے عورت پر تشدد کے مختلف انداز اپنائے گئے ہیں۔ صنفی امتیاز نے اکثر معاشروں کو مرد اساس معاشرے کی صورت دے دی ہے جس میں عورت بے زبان مخلوق ہے وہ سماجی رسوم و قیود، عورت کے لیے بنائے گئے ضابطہ اخلاق اور رشتوں کی زنجیر میں بندھے ہونے کی وجہ سے ذہنی، جسمانی اور جنسی تشدد کا شکار رہتی ہے۔

> چاچا رکھا فیر ہوس تے بے غیرتی وچ ڈبیا آن وارد ہویا۔ شام ہوندیاں ای اوہدیاں اکھاں مردود بلے وانگ چمکن لگ پیندیاں تے اوہنوں شک پئے گیا کہ اوہدے دروازے دی کنڈی کسے نے اکھیڑ دتی اے۔ تے اک رات ہنیر ای پے گیا اوس اپنا پہرہ دین لئی بتی بلدی ای رکھی تے بسترے تے لیٹی دم درود پڑھن لگ پئی۔ فیر کسے باہر دا مین سوئچ بند کر دتا تے گھپ ہنیرا ہو گیا۔ ڈر نال اوہدا ساہ رک گیا۔ اچانک کسے نے باری دا بھت کھولیا تے غڑاپ کر کے اوہدے اتے چھال مار دتی۔ (۹)

ماں کی محبت سے انکار نہیں کیا جا سکتا مگر بیٹے کی زندگی میں کسی اور عورت کی شمولیت حاسدانہ جذبوں کو جنم دیتی ہے۔ اس تکلیف دہ رویے کی عکاسی بھی ناولوں میں کی گئی ہے۔

> تینوں اوہ میرے نالوں چوکھی نیڑے وے تے تیرے دل وچ اوہدے لئی بہتا وراگ اے۔ میں جنہے تینوں ہمیشہ ایناں پیار دتا جد اکوئی بنا ای نئیں تے جدوں میرے ساہ دی ڈوری ٹٹن آلی اے توں میری گل توں انکاری ایں۔ (۱۰)

ہمارا سماجی رویہ ہے کہ مائیں اپنے آنسوؤں کے ذریعے جذباتی بلیک میل کر کے محبتوں کا خراج مانگتی ہیں۔ اولاد کی خوشی کی پرواہ کیے بغیر اپنی پسند کے مطابق شادی پر آمادہ کر لیتی ہیں اور یوں بیٹے کی خوشیوں کے دیپ بجھ جاتے ہیں۔

> ماں دیاں اکھاں دے اتھرو میرے کولوں نہ ویکھے گئے۔ تے اوہدیاں ٹھنڈیاں چھاواں دے سیک نے تے اوہدے پیراں دی جنت دے لانبو نے مینوں ساڑ کے سواہ کر دتا۔ میرے سر تے سہرا بنھدیاں ہویاں اوہنے میرے اندر جھاتی پا کے نہ ویکھیا... اوہ فرض توں فارغ ہو کے حج نوں ٹُر گئے۔ تے میں مدھولیاں ہویاں سدھراں لے کے ماں دی لج پالدا رہیا۔ (۱۱)

مشرقی تہذیب و ثقافت اور قدریں اپنی نوع اور خصوصیات کے اعتبار سے مختلف ہیں۔ یہاں آدمیت اور احترام آدمیت کی بڑی اہمیت و وقعت رہی ہے لیکن وقت گزرنے کے ساتھ مشرق کا دامن خالی ہونے لگا ہے۔ پنجابی ناول میں اولاد کی فرائض میں کوتاہی اور خود غرضانہ رویوں کی تصویریں نظر آتی ہیں۔ کبھی والدین گھر بدر اور کبھی کمرہ بدر کر دیے جاتے ہیں۔ یہ انتہائی اذیت ناک اور قابل مذمت رویے ہیں اور بعض اوقات ایسے رویے بھی دیکھنے میں آتے ہیں جو انسانیت کی پیشانی پر بدنما دھبہ ہیں۔ مثال دیکھیے:

> گھر آ کے اوہ سدھا اوس کمرے وچ جاندا جس اندر پلنگ دی ڈھو نال اوہنے اپنی ماں نوں سنگلی نال بنھ رکھیا سی ... کدے ماں نوں چپیڑاں مار داتے کدے اوہدے وال پٹدا۔
> اک واری تے اوہنے ماں نوں بھارے بوٹاں دیاں ٹھڈیاں نال ایناں ماریا کہ ماں دا ادھا دھڑ و کھ جیہا ہو گیا... پاگلاں وانگوں ہنسی تے کہن لگی۔
> پتر ایسے لئی جے جاندے نیں بچڑا کہ ماواں نوں فتح کر سکن۔ (۱۲)

زندگی کا ناقابل برداشت معاشی بوجھ، یک رنگی اور بے کیفی کا خاتمہ یا اپنی پوشیدہ صلاحیتوں کو منوانے کے لیے عورت عملی میدان میں سرگرداں نظر آتی ہے۔ ورکنگ لیڈی کی اپنی شخصیت ختم ہو کر رہ جاتی ہے بسا اوقات وہ ذہنی و جذباتی طور پر اتنا تھک جاتی ہے کہ اسے زندگی سے سکون عنقا محسوس ہونے لگتا ہے۔

> بی اے خاں تے نوشین وچکار معاہدے تے عمل ہندا گیا نوشی بچے پیدا کرن والی مشین تے نہ بنی سی پر اوہ پورے طور بی اے خاں دی ووہٹی وی نہ رہی۔ آپو آپ دے کماں نیں اوہناں دوناں وچکاری ہولی ہولی تریڑ جیہڑی پا چھڈی سی۔ (۱۳)

معاشرتی زندگی گھن چکر بن چکی ہے۔ مرد اور عورت دونوں مصائب کی چکی میں پس رہے ہیں۔ مادی اقدار نے انسان کو انسان سے دور کر دیا ہے۔ روٹی، کپڑا، ادویات اور آسائشیں زندگی کا مرکز و محور بن چکی ہیں۔ وقت اور جذبوں کا قحط بڑھ گیا ہے۔ بنیادی ضرورتوں کی تکمیل کے حصول کے لیے انسانی جذبوں کی اہمیت ختم ہو چکی ہے۔ مثال دیکھیے:

> اَج فیر خالی ہتھ آوڑے او۔ تہانوں اک ہفتے دا کہہ رہی آں بالاں واسطے کپڑے تے جتیاں لے کے آوَ۔

تیرا کیہہ خیال اے مینوں ہور کوئی کم نئیں۔ سارا دن دفتر دیاں فائلاں وچ سر دتی رکھنا واں تے لکھ لکھ کے میریاں انگلیاں آکڑ جاندیاں نیں۔ ایہہ بالاں لئی کرنا واں۔ تہانوں زندہ رکھن لئی۔(۱۴)

انسان مسلسل اور مستقل مشینی زندگی گزار کے بیزار ہو جاتا ہے۔ صبح و شام کے مسلسل سفر میں زندگی پہیے کی گردش کی مانند رواں دواں ہے۔ جذبات و احساسات کی باتیں ناپید ہو چکی ہیں۔ گردش زمانہ کا مسلسل تھکا دینے والا سفر کسی نئی بات اور کامیابی پر ہونے والی خوشی کو بھی ماند کر چکا ہے۔

مینوں اطلاع ملی پئی میری ترقی دا حکم جاری ہو گیا وے۔ مینوں کوئی خوشی نہ ہوئی ترقیاں، تنزلیاں، وادھے گھاٹے زندگی وچ کیہہ اہمیت رکھدے نیں... مینوں ایس اَن بھوت نے اک مکینکی انسان بنا دتا سی۔ کئی جیوندے انسان زندہ لاشاں ہوندیاں نے جیڑیاں اپنے کفن دی تاہنگھ وچ گن گن گھڑیاں گزار دیاں نیں۔(۱۵)

زندگی کے مصائب انسان کو جونک کی طرح چمٹ گئے ہیں۔ مادی ضرورتوں کے گدھ اس کے وجود کو خاکستر کرنے کے لیے تیار ہیں جبکہ سماجی رویے انسان کو سماجی اصولوں کے مطابق زندگی گزارنے پر مجبور کرتے ہیں۔

بندا اپنے آلے دوالے وچ مس فٹ ہو جائے اجیہے معاشرے وچ جتھے جوکاں تے گرجاں داراج ہووے۔ اوتھے سارے سوچن سمجھن آلے بندے مس فٹ ہوندے نیں۔ جوکاں دے کولے جنے کامیاں دیاں ہتھوڑیاں ہیٹھ رکھ دیو۔ گرجاں دیاں لمیاں دھوناں کساناں دیاں داتریاں اگے ڈاہ دیو فیر کوئی بندا مس فٹ نئیں رہوے گا۔(۱۶)

پیسہ وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے۔ مادیت پرستی کی ہوس نے انسان کو اس بلندی پر پہنچا دیا ہے جہاں زندگی کی اعلیٰ اقدار کہیں پیچھے ہی رہ گئی ہیں۔

آخو شر فو پیسے بنا بندہ کس کم دا۔ ہر کوئی انجوی ای کہندا اے پیسہ... پیسہ... پیسہ... ہمیشہ زندگی دے سارے دھندے پیسے نال ای چلدے نیں۔(۱۷)

طبقاتی کش مکش اور معاشی اونچ نیچ ایک اہم سماجی مسئلہ ہے۔ ہمارے سماج میں بہت کم لوگ جہیز کے بغیر شادی پر رضامندی کا اظہار کرتے ہیں بالعموم جہیز کی یقینی فراہمی کے ساتھ ہی رشتوں کی ڈور باندھنے کا اقرار کیا جاتا

ہے۔ انسان کی وقعت اور حیثیت اس کے مال و دولت کی بدولت ہے۔

> میں اپنا بھرا سکول ماسٹر دے گھر نہیں ویاہ سکدا۔ سکول ماسٹر دی کیہہ او قات اے۔ گنی منی تنخواہ وچ مساں ٹبر پال سکدا اے۔ اوہ دھی نوں داج کیہہ دوے گا۔ ست مرلے چ مکان ایں۔ دو منجیاں دی بیٹھک وچ مرا بھرا کمیاں وانگ بیٹھیا کرے گا۔"(۱۸)

ایک اور تلخ سماجی رویہ یہ ہے کہ طبقوں اور رنگ و نسل کی حد بندی کی بنیاد پر انسانوں کی حیثیت متعین کی جاتی ہے۔ ذات برادری کی تقسیم نے خصوصاً آپس کے تعلقات اور رشتہ داری کو نقصان پہنچایا ہے۔ ذات پات میں رشتے ڈھونڈنے کے چکروں میں اکثر لڑکیاں گھر بیٹھی رہتی ہیں یا بے جوڑ بیاہ دی جاتی ہیں۔

> میں سوچ رہیا آں، خالد آکھیا، میراثن سوہنی ہووے گی تیرے پیو نوں پسند وی ہووے گی۔ فیر اوہنے نکاح کیوں نہ کر لیا؟ نکاح تے نئیں کر سکدا سی ناپیو، جورے آکھیا، اسیں بھٹی راجپوت اوہ میراثن۔(۱۹)

خود ساختہ سماجی بندھنوں کا شکار پریشان حال لوگ بیٹیوں کو تاعمر اذیت ناک زندگی گزارنے پر مجبور کرتے ہیں۔ وہ اولاد کو رسم و رواج کی بھینٹ تو چڑھا سکتے ہیں مگر سماج کے اصولوں کو بدلنے کی طاقت نہیں رکھتے۔

> پڑھیاں لکھیاں کڑیاں لئی پڑھے لکھے منڈیاں دے رشتے ہن صرف اوبھڑ اں وچ ای لبھ سکدے سن پر اوہناں دی بیوی پنڈ دی سی اوہ ذات برادری دیاں ریتاں رسماں توں ہٹ کے نہیں سوچ سکدی سی۔(۲۰)

دیہاتی زندگی میں جاگیردارانہ نظام بہت اہمیت رکھتا ہے۔ زمین دار وڈیرے، جاگیر دار، وسیع اراضی کے مالک ہیں اور کساں، مزارع اور غریب طبقہ اس کی رعایا شمار ہوتا ہے۔ غریب کسان اور محنت کش، نظام کے ظلم و جبر کی چکی میں پس رہے ہیں ان کی زندگی حیوانوں سے بدتر ہے اگر کوئی صدائے احتجاج بلند کرتا ہے تو جاگیر دار ان کی سرکوبی کرتے ہیں۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ان غریب مزارعوں کو جاگیر داروں کے حکموں کے سائے میں تاعمر بٹھا دیا گیا ہے۔

> ساڈے مقدراں دیاں لیکاں وی اینہاں وڈیریاں دے ہتھاں اتے لیکیاں گئیاں نیں۔ اتے ایہہ سارا کجھ اینہاں وڈیریاں نے آپ اپنے ہتھیں کیتا اے۔ اسیں وی جد تائیں اپنے ہتھاں تے متھے اتے کجھ آپ نہ لکھیا۔ ساڈے ہتھاں اتے سوائے چھالیاں

دے ہور کجھ نہیں لکھا جاونا۔ جد تائیں اوہ ویہار، اوہ ورتارا تے اختیار نہ بدلیا گیا جیہڑا ہک نوں ماڑا، بے مالک، شہدا تے کمی بناوندا اے۔ اتے دوجے نوں امیر، تکڑا، ساؤ، راٹھ تے ملک بناندا اے۔ جنا چر ونڈ، وڈیریاں دے ہتھیں رہی اینہاں اینویں ای ڈنڈی مار دیاں رہنا اے۔ (۲۱)

ایک اور مثال دیکھیے:

"اینہاں وڈیریاں دے تھلے لگیاں سانوں صدیاں لنگھ گئیاں نیں۔ اساں پہلے دن توں لے کے کمی کامے تے شہدے سدایا اے۔ اتے اینہاں نے مُڈھ توں لے کے ملک، خاں تے ساؤ سدایا اے۔ انبراں اتے لکھیا ہویا ساڈا مقدر بھکھ رہیا، اتے ملکاں دا مقدر رج۔ اوہ مقدر دی کتاب نہ اج توڑی اساں ڈٹھی اے نہ ساڈے کسے وڈکے نے ڈٹھی۔"(۲۲)

شہر والوں کو دیکھنے کو تماشا چاہیے کہ مصداق لوگ انسانوں کے جذبات کو ٹھیس پہنچنے کی فکر سے بے نیاز، بے حس رویوں کے ساتھ لوگوں کی زندگی پر حرف گیری کرتے نظر آتے ہیں۔ دوسروں کی بربادی بھی ان کے سرد رویوں کو جھنجوڑنے کے لیے ناکافی ٹھہرتی ہے۔ مجبور اور بے بس لوگوں پر ہونے والا ظلم ان کے لیے صرف تماشے کی حیثیت رکھتا ہے۔

لوک کوٹھیاں دے بنیریاں تے بیٹھے تماشا ویکھن مگروں تبصریاں وچ رُجھے ہوئے سن۔ امام دین دے جھگے دی بربادی تے کسے نوں ترس نہ آیا۔ سکینہ دی بے بسی، امام دین دا نمھو جھانا ہو رہنا لوکاں لئی ٹچکراں تے مخولاں دا موضوع بنیا ہویا سی۔ کافی لوگ اجے بنیریاں تے بیٹھے خورے کسے ہور تماشے دی اڈیک وچ سن۔ (۲۳)

گاؤں کے وڈیرے اس قدر طاقتور ہیں کہ وہ اگر چاہیں تو اپنے ماتحتوں سے ایسے گناہ بھی قبول کروا لیتے ہیں جس کی خبر بھی انھیں نہیں ہوتی۔

تینوں پٹواری اگے مناپوے گا پئی نہر توں توڑی اے... جیریا میں تیرے سارے قرضے لاہ دیاں گا۔ جیرے دے ہاں کرن تے ملک ریاض نے اج پہلی واری آپنے کامے نوں آپنے نال بٹھا کے روٹی کھادی۔ (۲۴)

سماج مختلف طبقوں اور درجوں میں منقسم ہے۔ معاشی ذرائع پر مخصوص لوگ قابض ہیں۔ دولت کی غلط اور ناہموار تقسیم کے نتیجے میں ناانصافی کا راج قائم ہے۔ معاشرے کا پسا ہوا طبقہ، حسرت، مایوسی، تنگ دستی اور دربدری کی جیتی جاگتی تصویر ہے۔ پنجابی ناولوں میں سماج کی یہ المناک کیفیت واضح دکھائی دیتی ہے۔ جہاں کردار حالات کے جبر کے خلاف چیخ اٹھتے ہیں۔

> سماج کیہ اے بس اک دوزخ تے دوزخ وچ مر دیاں ہوئیاں روحاں ... میرے وس ہووے تے سارا سماج ڈھاہ کے نواں بنا دیواں ... نواں سماج ایسا ہووے جیہدے وچ کوئی کمزور تے زور اور نہ ہووے۔ (۲۵)

جبر اور استحصال کی ایک شکل منشی کے کردار میں بھی دیکھی جا سکتی ہے جو دیہات کے سادہ لوح انسانوں کو سود در سود کے جال میں پھنسا لیتے ہیں اور یہاں تک کہ کبھی نہ ختم ہونے والے کھاتوں کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔

> میری صلاح اے کہ اگلا پچھلا نانواں سارا اکٹھا کر چھڈیے تاں جے اگوں لیکھا سدھا ہو جائے۔ بے سمجھ جٹ ایس ہیر پھیر نوں نہ سمجھ سکیاں۔ چیتر وچ لیکھا گن کے اجے ویاج لا کے دتا سی۔ ہن ۵ یں مہینے پھیر ویاج گن کے دین نوں تیار ہو گیا۔ پچھلا اگلا رلا کے کل نانواں ۵ ہزار بنیا۔ شاہ نے ٹکٹ لا کے دیہی تے لیکھا لکھ دتا۔ اتے نواب خاں دا انگوٹھا لوا دیہی ٹھپ، کچھے مار، ست روڑیاں گڑ جھولی پا کے صاحب سلامت آکھ کے ہسدا ہسدا گھر ول ٹر پیا۔(۲۶)

ہمارے معاشرے میں دیگر سرکاری اداروں کی طرح پولیس کے محکمے کی کارکردگی بھی سب پر عیاں ہے۔ رشوت خوری اس محکمے کی پہچان بن چکی ہے۔ جعلی پولیس مقابلے، جسمانی تشدد، گالی گلوچ اور فرائض سے اغماض کے نتیجے میں عوام کا اعتماد اٹھ چکا ہے۔ اچھے اور ایماندار لوگوں کا تناسب بہت کم ہے۔ انسداد دہشت گردی کے نام پر قانون نافذ کرنے والے ادارے اپنی کارکردگی دکھانے کے لیے بے قصور لوگوں کو مجرم ثابت کرنے کی بھرپور اہلیت رکھتے ہیں۔ مجبور، بے کس اور مفلوک الحال لوگ پولیس کے استحصال کا نشانہ بنتے ہیں۔

> اک دیہاڑے نصیب دی ریڑھی ضبط ہو گئی۔ اوہ ساری دیہاڑ تھانے وچ بیٹھا اوہناں دیاں منتاں کردا رہیا پر اوہناں اوہنوں دسیا پئی اوس قنون توڑیا سی۔ بازار وچ ریڑھی لانا

جرم سی تے قنون دا پتہ نہ ہوناوی جرم سی۔ اخیر کجھ پیسے لے کے تے اوہنوں دبکا کے اوہدی ریڑھی موڑ دتی گئی۔ (۲۷)

موجودہ معاشرے میں پیسہ ایک ترپ کا پتہ ہے جس کے ذریعے سب چالیں اپنے مفاد کے لیے چلی جاسکتی ہیں۔

وکیل نوں باقی دے پیسے دے دیو۔ کیس لگن والا اے۔ جیہڑے کلے رہ گئے نے اوہ ویچ سٹو۔ زندگی نالوں کیڑی ودھ شے عزیز وے۔ (۲۸)

عدالت وچ کیس نہ لگن دیوو۔ فائل اگے پچھے کروادیو۔ پیسے دی پرواہ نہ کرو۔ (۲۹)

ہمارے عقائد، مذہب اور تہذیب و ثقافت کے دائرے کہیں یک جا نظر آتے ہیں۔ کچھ رسم و رواج اور عقائد ہماری ثقافت میں اس حد تک ضم ہو چکے ہیں کہ ذہنی اذیت اور مالی مشکلات کا باعث بنتے ہیں۔

ایسے واسطے مامے دی گڑھتی دوائی اے۔ وڈا ہو کے تہاڈے وانگوں نیک تے ساؤ ہووے گا۔ سوچنی آں کدھرے اج ایہدا پیو جیوندا ہندا تے کڈا خوش ہندا۔ اوہنوں پتر دی کنی ریجھ سی۔ (۳۰)

ایک اور مثال:

جنج ڈھکن لگی تاں باہر ای روک دتی گئی تے آکھیاں پہلے رسیاں نوں منا کے لیاؤ۔ رسیاں نوں مناون گئے تاں اوہ رڑھ پا کے بہہ گئے ادھی رات تیکر رپھڑ پیا رہیا۔ جنج تے لاڑا ویڑھیوں باہر کھلوتے رہے۔ آخر ترلے منتاں مگروں رسے منیجے تاں جنج ڈُھکی۔ (۳۱)

مثال دیکھیے:

لاڑا کھوڑی چڑھیا تے بھین واگ پھڑ کھلوتی۔ کڑیاں جنج چڑھن تے واگ پھڑن دے گیت گائے۔ لاڑے واگ پھڑائی کجھ نقدی تے بوری چھوٹی بھین نوں دان کیتا... بھین ویر نوں دعا دیندیاں ہویاں واگ چھڈ دتی۔ (۳۲)

سماج کی زندگی رواج پرستی، سماجی آداب و رسومات کی قید اور امرا کی زور زبردستیوں سے بری طرح متاثر نظر آتی ہے۔ مجبور اور بے بس لوگ ان رواجوں کو نبھاتے نبھاتے زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔

اسیں راٹھاچاری تے راج داون اتے اکو ویاہ اچ اپنا خرچ کر بہندے آں کہ رہندے سارے پتر دھیاں روٹی دے ٹکڑے تے چپا چپا لیر نوں ترسدے رہ جاندے نیں۔ او ہو ڈوم تے مراثی جیہڑے اج گھوڑیاں گاوندے نہیں تھکدے مگروں پتا ویلے ساڈی ول تکدے وی نئیں۔ اسیں سارے ٹبر دا حق مار کے نموشی خاطر سبھ کجھ قربان کر دیندے آں پر کنگال ہو کے نموشی کتھوں۔(۳۳)

پنجابی ناول نگاروں کے ہاں تفہیم حیات کے کئی پہلو ملتے ہیں۔ معاشرے میں بسنے والے عام افراد کے دکھ درد، احساسات اور رویوں کی مختلف صورتیں نظر آتی ہیں۔ خصوصاً قریبی رشتہ داروں کے دل خراش رویوں کی عکاسی ملتی ہے۔

جینہاں دناں وچ نواب خاں دا ہتھ ڈاڈھا تنگ سی تے شاہواں قرض دین توں انکار کر چھڈیا سی تے ایہہ ہار کے ڈنگر وچھاتے ٹونب ٹلی ویچن لگ پیا ہویا سی شریکاں چوری چوری ایس دے کڑماں نوں سنیا گھل دتا اجکل نواب خاں ڈاڈھا تنگ اے۔ اک آکھدا سی ہن نواب خاں دی آکڑ بجھ گئی اے۔ دُوجا آکھدا سی اج نواب خاں گلیاں دیاں ککھاں نالوں وی ہولا ہو گیا اے۔ شریکنیاں سناسنا کے کناں اتے مار دیاں سن۔(۳۴)

شادی بیاہ کی رسموں میں عموماً یہ رویہ دیکھنے کو ملتا ہے کہ اپنی حیثیت سے زیادہ خرچ کیا جاتا ہے تاکہ خاندان میں ساکھ کو نقصان نہ پہنچے۔ خصوصاً پہلے بچے کی شادی پر والدین اپنے تمام ارمان پورے کرتے ہیں اور اپنی چادر سے بڑھ کر پاؤں پھیلا لیتے ہیں جو بعد ازاں مشکلات کا باعث بنتا ہے۔

میرے ویاہ اتے پیو دا خرچہ بہت ہو رہیا سی اساڈے کنبے وچوں پہلا ویاہ سی وڈا پتر ساں اپنے ماپیاں دا۔ پیو کجھ تے ڈنگر ویچے کجھ زمیندار کولوں قرضہ وی لیا ہونا ایں۔ ماں وی میرے سارے شگن پورے کر رہی سی۔ اپنی حیثیت توں بہتا خرچ ہو رہیا سی۔ کمیاں تے لاگیاں نوں وی کُھلے ہتھ نال پیسے دان کتے جا رہے سن۔(۳۵)

شادی بیاہ میں ناچ گانے کا انتظام گھر والوں کے ساتھ ساتھ دیگر لوگوں کو بھی اپنی جیبیں خالی کرنے پر مجبور کرتا ہے۔ لوگ اپنی قیمتی املاک بیچ کر اپنی جذباتی اور نفسانی خواہشات پوری کرتے ہیں۔

مجرے واسطے دو کنجریاں وی بلائیاں ہوئیاں سن۔ کئی دن پہلے ای مجرے دیاں خبراں ٹریاں ہوئیاں سن۔ راہکلاں ویلاں دیون واسطے قرضے چک کے پیسیاں نال بوجھے بھرے ہوئے سن۔ کئیاں ڈنگر ویچ کے رقم پلے بدھی ہوئی سی۔ (۳۶)

ہمارے معاشرے کا ایک اہم مسئلہ ضعیف الاعتقادی، جذبہ ایمانی اور توکل باللہ کی کمی اور جعلی پیروں فقیروں پر اندھا اعتماد ہے۔ توہم پرستی معاشرے کے مزاج کا حصہ بن چکی ہے۔

"اک پیر جن کڈھن لئی آیا ہویا سی۔ پیر بتھیرے منتر پڑھے دھونیاں دھنخائیاں دمن چھینے وجائے گھڑا ایرات وی کھڑکائی پر جن نہیں سی نکل رہیا۔" (۳۷)

اولادِ نرینہ کی حسرت ہمارے معاشرے کی دیرینہ خواہش ہے جس کی تکمیل کے لیے خواتین ہر ممکنہ معاشرتی رسم و رواج اور طریقوں پر عمل کرتی ہیں۔ منت مانی جاتی ہے اور پھر اس کی تکمیل کے لیے تمام فرسودہ رسوم کو نبھایا جاتا ہے۔

میں منت منی سی پئی جے اللہ دے درویش دی دعا نال رب مینوں پتر دتا تے میں اوہنوں لے کے درگاہ تے سلام کرن آواں گی اوہدی جھنڈ دے وزن برابر سونا خیرات کراں گی تے درگاہ دی وڈی دیگ وچ پُلاء پکوا کے سبھناں نوں ونڈاں گی۔ میں آپنی منت دی نشانی واسطے درگاہ دی بیری نال اک لال لیر وی بنھ گئی تے اک بوتل سریوں دا تیل مزار دے دیوے وچ پا گئی۔ نالے بی بی دے حجرے وچ پنگوڑہ ہلا کے لوری وی سنائی۔ جاندیاں ہویاں سانوں پیر زادیاں درگاہ دے دیوے وچوں تیل دتا تے مزار دی باہرلی دیوار دی نال والی زمین توں کاچنی مٹی وی لیا کے دتی جیہڑئی میں کدی کدی چٹ لیندی ساں۔ (۳۸)

تیز رفتار سائنسی اور مادی ترقی کے دور میں سماجی، مذہبی، تہذیبی اور اخلاقی اقدار کی تبدیلی نے سوچ اور عمل میں تصادم پیدا کر دیا ہے۔ سائنسی علوم کے ہر دم تازہ انکشافات اور ٹیکنالوجی کے بڑھتے ہوئے استعمال نے فرد کی انفرادی اور اجتماعی بقا کے تصور کو متاثر کیا ہے۔ بدلتی اقدار کے نتیجے میں فرد کی جذباتی اور روحانی نشو و نما میں خلا پیدا ہو گیا ہے اور انسان کی داخلی اور اجتماعی معاشرتی زندگی میں ہم آہنگی نہیں رہی۔

آج کل تے سارا علم کیبل راہیں آندا اے۔ میں جد نکی ساں تے ساڈے پنڈ اک فقیر اکتارے تے سیف الملوک سُنا کے خیر منگدا سی۔ پر اجکل سیف الملوک کون پڑھدا اے۔ میں سوچنی آں جیویں لہندے دے لوکاں اپنے سیانیاں فلسفیاں کولوں چانن لے کے اپنی آزاد سوچ اساری اے اسیں آپنے وڈکیاں نوں پڑھ کے آپنی حیاتی دے اصول کیوں نہیں بنا سکے۔(۳۹)

ہمارے معاشرے میں باقاعدہ تعلیم حاصل کرنا بھی ایک کاروباری سلسلہ نظر آتا ہے۔ جابجا تعلیم بک رہی ہے۔ بھاری بھرکم فیسوں نے والدین کی کمر پر بوجھ ڈال رکھا ہے۔ تعلیم کا مقصد صرف اچھی نوکری اور بہترین طرزِ زندگی حاصل کرنا ہے اور اس کے ثمرات کے لیے وہی مثل صادق آتی ہے کہ جتنا گڑ ڈالو گے اتنا ہی میٹھا ہو گا۔

"مینوں سبھ خبر اں نیں۔ ہر پاسے تعلیم دا ایہو حال ہے۔ تعلیم وک رہی اے۔ ہن بندہ علم سکھن پاروں نہیں سگوں نوکری حاصل کرن لئی پڑھدا اے۔ علم ہن منڈی وچ وکدا اے۔ ایہہ کاروبار بن گیا اے۔ جیہدے وچ جنا پیسہ لاؤ گے اوہناں نفع لبھے گا۔ سستی پڑھائی مگروں بے روز گاری تے مہنگی پڑھائی مگروں وڈی تنخواہ والی نوکری۔"(۴۰)

پنجابی ناول نگاروں نے نیکی اور ہمدردی کا ڈھونگ رچانے والے ریاکار اور منافق لوگوں کے چہروں سے بھی پردہ اٹھایا ہے جن کا اصل مقصد نمود و نمائش اور شہرت کا حصول ہوتا ہے۔ ایسے ریاکار لوگوں کے ظاہر و باطن میں تفاوت پایا جاتا ہے۔ مختلف این جی اوز اور ریلیف کمیٹیوں سے منسلک عوامی فلاح و بہبود کا دعوے دار امیر طبقہ ہے جس کی خواتین نام و نمود کی خواہش کے لیے بطور سماجی کارکن مقام بنانا چاہتی ہیں ان کا عوام کی فلاح و بہبود کے کاموں سے دور کا تعلق بھی نہیں ہوتا۔ یہاں تک کہ انہیں مختلف تقریبات کے لیے تقریریں بھی باقاعدہ یاد کرائی جاتی ہیں۔

"تسی ایہہ بولو گے کہ اسیں اک غریب ملک نال تعلق رکھنے آں پر اسیں آپنی طاقت تے پورا پورا اعتماد رکھنے آں۔ عوام ای طاقت دا سرچشمہ ہوندے نیں۔ اسیں دن رات کم کراں گے۔ غریب دی مزدوری پسینہ خشک ہون توں پہلاں دتی جائے گی۔ ایس ملک دی عورت نوں پوری پوری آزادی حاصل ہووے گی اوہ مرداں دے برابر تعلیمی بلکہ ہر میدان وچ حصہ لے سکے گی۔ وغیرہ وغیرہ۔"(۴۱)

مجموعی حوالے سے دیکھا جائے تو پنجابی ناول نگاروں نے خارجی زندگی کے مسائل و معاملات اور انسان کی باطنی دنیا میں جھانک کر مختلف سماجی رویوں کی عکاسی کی ہے۔ حالات و واقعات کے دھاروں کی بے سمتی کے نتیجے میں ہر طرف انتشار اور بے یقینی کی پھیلی ہوئی فضا میں رشتے زنگ آلود، قدریں نیست و نابود اور ماحول قہر آلود ہو جاتے ہیں اور یوں ادب میں معاشرے کی کے کرب کی داستان سنائی دیتی ہے۔ معاشرتی تخریب کاری کے باعث مثبت کی بجائے منفی نقوش زیادہ واضح دکھائی دیتے ہیں۔ پنجابی ناول نگاروں نے سماج کے مسائل کا مشاہدہ بڑی باریک بینی سے کیا ہے اور سماجی رویوں کی بے اعتدالی پر بصیرت افروز نگاہ ڈالی ہے۔

حوالہ جات


۱۔ جاوید اختر، ڈاکٹر۔ اردو کی ناول نگار خواتین۔ لاہور: سنگ میل پبلی کیشنز، ۱۹۹۷ء، ص ۱۴۵

۲۔ آصف فرخی۔ ڈاکٹر۔ بیماریوں کے محل میں ہراساں عورت۔ مشمولہ۔ عورت (زبان خلق سے زبان حال تک) مرتب۔ کشور ناہید۔ لاہور: سنگ میل پبلیکیشنز، ۲۰۰۵ء، ص ۲۵۰

۳۔ فرزند علی۔ اک چونڈھی لون دی۔ لاہور: پاکستان پنجابی ادبی بورڈ، ۱۹۹۴ء، ص ۱۲۵

۴۔ ایضاً

۵۔ منشا یاد۔ ٹانواں ٹانواں تارا۔ لاہور: دوست پبلیکیشنز، ۱۹۹۷ء، ص ۱۱۵

۶۔ میراں بخش منہاس۔ جٹ دی کرتوت۔ لاہور: پاکستان پنجابی ادبی بورڈ، ۱۹۷۶ء، ص ۴۹

۷۔ ایضاً۔ ص ۵۹

۸۔ فرزند علی۔ بُھبھل۔ لاہور: پاکستان پنجابی ادبی بورڈ، ۱۹۹۵ء، ص ۹۹

۹۔ کہکشاں ملک۔ چکڑ رنگی مورتی۔ لاہور: پاکستان پنجابی ادبی بورڈ، ۱۹۸۴ء، ص ۱۸-۱۹

۱۰۔ فخر زماں۔ ست گواچے لوگ۔ لاہور: کلاسیک، ۱۹۹۵ء، بار دوم۔ ص ۷۰

۱۱۔ ایضاً۔ ص ۴۳-۴۴

۱۲۔ فخر زماں۔ بے وطنا۔ لاہور: نگارشات، ۱۹۸۸ء، ص ۴۷، ۴۸

۱۳۔ علی اختر۔ وتھاں سفنے کیرے۔ لاہور: ادارہ زبان و ثقافت، ۲۰۰۱ء، ص ۹

۱۴۔ فخر زمان۔ ست گواچے لوگ۔ ص ۴۵

۱۵۔ ایضاً۔ ص ۲۷

۱۶۔ مستنصر حسین تارڑ۔ پکھیرو۔ لاہور: التحریر، ۱۹۷۶ء، ص ۹

۱۷۔ آغا اشرف۔ سوچ سمندر / جیب کترا۔ لاہور: خورشید بکڈپو، ۱۹۸۵ء، ص ۱۱۹

۱۸۔ صفیہ صابری۔ سدھراں دے پھل۔ فیصل آباد: مسلم پنجابی مجلس، ۱۹۸۸ء، ص ۳۱

۱۹۔ منشا یاد۔ ٹانواں ٹانواں تارا۔ ص ۹۶

۲۰۔ ایضاً۔ ص ۱۰۵

۲۱۔ نذر حسین جانی۔ سنجان۔ لاہور: پاکستانی پنجابی ادبی بورڈ، ۱۹۹۲ء، ص ۱۳۳-۱۳۴

۲۲۔ ایضاً۔ ص ۱۳۵-۱۳۶

۲۳۔ فرزند علی۔ تائی۔ لاہور: پاکستان پنجابی ادبی بورڈ، ۱۹۸۶ء، ص ۲۱۱

۲۴۔ ایضاً۔ ص ۱۳۹

۲۵۔ ایضاً۔ ص ۱۷۴

۲۶۔ میراں بخش منہاس۔ جٹ دی کرتوت۔ ص ۳۳

۲۷۔ عذرا وقار۔ باگاں والے راہ۔ لاہور: سچیت کتاب گھر، ۲۰۰۳ء، ص ۶۵

۲۸۔ فخر زماں۔ بندی واں۔ لاہور: پیپلز پبلشنگ ہاؤس، ۱۹۸۴ء، ص ۷۰

۲۹۔ ایضاً

۳۰۔ فخر زماں۔ ست گواچے لوگ۔ ص ۴۲

۳۱۔ فرزند علی۔ بھبھل۔ ص ۱۰۷

۳۲۔ فرزند علی۔ تائی۔ ص ۱۱۶

۳۳۔ میراں بخش منہاس۔ جٹ دی کرتوت۔ ص ۱۷

۳۴۔ ایضاً۔ ص ۴۵

۳۵۔ فرزند علی۔ بھبھل۔ ص ۱۰۶

۳۶۔ ایضاً۔ ص ۱۰۷

۳۷۔ ایضاً۔ ص ۷۴

۳۸۔ سجاد حیدر۔ چیتر باغ۔ لاہور: پاکستان پنجابی ادبی بورڈ، ۱۹۹۲ء، ص ۹۹

۳۹۔ عذرا وقار۔ باگاں والے راہ، ص ۲۱۴

۴۰۔ ایضاً۔ ص ۱۹۱

۴۱۔ کہکشاں ملک۔ چکڑ رنگی مورتی، ص ۸۹